## سوال

(64) نماز میں ہاتھ کہاں باندھنے چاہئیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میڈسٹون جیل سے محمد اسلم تحریر کرتے ہیں ہاتھ کہاں باندھنے چاہئیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں ہاتھ باندھنے کے طریقے روایات کے مختلف ہونے کی وجہ سے مختلف ہیں۔ ایک حدیث جو وائل بن حجرؓ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ نے دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ کر سینے پر ہاتھ باندھے۔ ہاتھ باندھنے کے سلسلے میں جتنی بھی احادیث وارد ہوئی ہیں ان سب میں سب سے زیادہ صحیح حدیث یہی ہے جس میں سینے پر ہاتھ باندھنے کا ذکر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ صراط مستقیم

## ص174

محدث فتویٰ